**01-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................آسیہ میمونہ

---

**Music**

---

1۔ بھارت کی دفاعی برآمدات پہلی مرتبہ 21 ہزار کروڑ روپے سے تجاوز کر گئی ہیں۔ اِن میں 2023-24 کے مالی برس میں 32 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔

2۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے مغربی بنگال، آسام اور منی پور کے وزرائے اعلیٰ سے، ریاستوں میں آئے طوفان کے بعد بات چیت کی۔ انہوں نے ہر طرح کی مدد کی یقین دہانی کرائی۔

3۔ IMD نے ملک کے اکثر حصوں میں جون تک طویل عرصے تک گرمی کی لہر جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

4۔ اور، کھیل کود میں، میرا بائی چانو، پیرس اولمپکس کے لیے کوالیفائی کرنے والی واحد بھارتی ویٹ لیفٹر بن گئی ہیں۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

**RAJNATH DEFENCE EXPORT**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ 2023-24 میں پہلی مرتبہ ملک کی دفاعی برآمدات 21 ہزار کروڑ روپے سے تجاوز کر گئی ہے۔ سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ دفاعی برآمدات میں، گذشتہ مالی برس کے مقابلے میں، 32 فیصد سے زیادہ کا نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت دفاع نے بھارت کی

دفاعی مینوفیکچرنگ اور برآمدات میں اضافہ کرنے کے لیے بہت سے اقدامات کیے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ نجی شعبے اور دفاعی سرکاری شعبے کی کمپنیوں سمیت ملک کی دفاعی صنعتوں نے حالیہ برسوں میں قابل تعریف کارکردگی کا اظہار کیا ہے۔×

## PM MUMBAI VISIT

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کو آئندہ دس سال میں معاشی طور پر خودکفیل ہونے کی ضرورت ہے تاکہ ملک عالمی عناصر سے زیادہ متاثر نہ ہوں۔ آج ممبئی میں بھارت کے ریزرو بینک کے 90 سالہ یوم تاسیس کی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بھارتی بینک کاری کے شعبے کی منتقلی ایک مطالعہ کا معاملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینک کاری کا شعبہ، فائدہ مند بن گیا ہے اور قرضہ جاتی پیش رفت میں، اُن کی حکومت اور RBI کے ذریعے گذشتہ دہائی میں کیے گئے اقدامات کے باعث، اضافہ ہو رہا ہے۔×

## AMIT SHAH VISIT

مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ کل کرناٹک کا ایک روزہ دورہ کریں گے۔ وہ صبح بینگلورو میں شکتی کیندر پارٹی کارکنان سے خطاب کریں گے اور بعد میں Channapatna میں ایک روڈ شو کریں گے، جو کہ بینگلورو دیہی لوک سبھا حلقے کا حصہ ہے۔ BJP کے ریاستی جنرل سکریٹری اور انتخابی انتظامیہ کمیٹی کے کنویز وی سنیل کمار نے آج اخبار نویسوں کو بتایا کہ امت شاہ کل پانچ لوک سبھا حلقوں میں پارٹی کے کارکنان سے خطاب کریں گے۔ پانچ حلقوں کی کور کمیٹی ارکان کی میٹنگ بھی کل ہوگی۔ اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے JD(S) کے ریاستی صدر HD کماراسوامی نے کہا ہے کہ وہ کل صبح امت شاہ سے ملاقات کریں گے اور انہیں سیاسی صورتحال کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کریں گے، نیز BJP اور JDS کے درمیان جامع اور مربوط انتخابی مہم کے لیے ایک فارمولے پر کام کریں گے۔×

## SHAH STORM CM

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج مغربی بنگال، آسام اور منی پور میں آئے ایک طوفان میں شدید نقصان ہونے کے بعد، اِن ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ سے بات کی۔ انہوں نے انہیں ہر ممکن امداد کی یقین دہانی کرائی۔ سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ طوفان کے باعث ہونے والے شدید ترین نقصان کے بارے میں انہیں سخت تشویش ہے۔ انہوں نے جاں بحق ہونے والوں کے خاندانوں کے ساتھ اظہار تعزیت کیا اور زخمیوں کی

جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔×

## BJP MANIFESTO MEETING

BJP کے انتخابی منشور کی کمیٹی کی میٹنگ آج نئی دلی میں پارٹی ہیڈکوارٹر میں منعقد ہوئی۔ کمیٹی نے آنے والے لوک سبھا انتخابات کے لیے پارٹی کے منشور پر تبادلۂ خیال کیا۔ 27 رکنی کمیٹی کی یہ پہلی میٹنگ تھی جس کی قیادت سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ کر رہے ہیں۔ سینئر پارٹی لیڈر اور مرکزی وزیر نرملا سیتارمن اِس کی کنویز ہیں جبکہ دوسرے لیڈر پیوش گوئل اِس پینل کے معاون کنویز ہیں۔

اِسی دوران تلنگانہ میں لوک سبھا کے انتخابات کے لیے امیدواروں کا فیصلہ کرنے کے لیے، کانگریس کی مرکزی الیکشن کمیٹی کی میٹنگ بھی نئی دلی میں منعقد ہوئی۔ پارٹی کے صدر ملکارجن کھڑگے، سینئر پارٹی لیڈر سونیا گاندھی، تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریوناتھ ریڈی اور دیگر نے میٹنگ میں شرکت کی۔×

## SC GYANVAPI

آج سپریم کورٹ نے 31 جنوری کے وارانسی عدالت کے فیصلے پر اسٹے دینے سے انکار کر دیا، جس کے تحت ہندو پارٹیوں کو گیان واپی مسجد کے جنوبی تہہ خانے میں پوجا کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔ البتہ، جسٹس جے بی پردے والا اور منوج مشرا کے ساتھ بھارت کے چیف جسٹس DY چندرچوڑ کی ایک بنچ نے، فریقین کو گیان واپی کے احاطے میں صورتحال کو جیوں کا تیوں برقرار رکھنے کا حکم جاری کیا تاکہ دونوں فرقے اپنے مذہبی اراکان ادا کر سکیں۔ عدالت عظمی نے اپنے فیصلہ میں کہا کہ اِس عدالت کی سابقہ منظوری اور اجازت حاصل کیے بغیر کسی بھی فریق کو خلل اندازی نہیں کرنی چاہیے اور صورتحال کو جیوں کا تیوں برقرار رکھا جائے۔

عدالت نے کہا کہ ہندو، جنوب کی جانب سے داخل ہونگے اور تہہ خانے میں پوجا کریں گے نیز مسلم شمالی جانب میں نماز ادا کریں گے اور اُدھر ہی سے داخل ہوں گے۔ یہ انتظام اِس فیصلے کے حتمی طور پر طے ہونے تک جاری رہے گا۔ ×

## COURT KEJRIWAL

دلی کی ایک عدالت نے آج دلی کے وزیر اعلیٰ اور عام آدمی پارٹی کے رہنما اروند کجریوال کو مبینہ شراب پالیسی گھپلے سے متعلق کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں اِس ماہ کی 15 تاریخ تک عدالتی تحویل میں بھیج دیا ہے۔ اروند کجریوال کو 21 مارچ کو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے گرفتار کیا تھا۔ راؤز ایونیو عدالت کی خصوصی سی بی آئی

جج کاویری باویجا نے ای ڈی کی تحویل کی مدت ختم ہونے پر اروند کجریوال کو عدالت میں پیش کئے جانے کے بعد یہ حکم جاری کیا۔ اِس سے قبل گزشتہ مہینے کی 22 تاریخ کو سماعت کررہی عدالت نے انہیں 6 روز کے لیے ای ڈی کی تحویل میں بھیج دیا تھا، جس میں مزید چار دن کی توسیع کی گئی تھی۔

عام آدمی پارٹی کے رہنما نے ای ڈی کی جانب سے جاری کئے گئے 9 سمن کو نظر انداز کردیا تھا۔ عام آدمی پارٹی کے دیگر رہنما منیش سسودیا اور سنجے سنگھ بھی اِس معاملے میں ملزم ہیں اور اِس وقت عدالتی تحویل میں ہیں۔×

## ELECTION INDIAN DEMOCRACY

کسی بھی جمہوریت میں انتخابات کلیدی اہمیت رکھتے ہیں اور دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت بھارت کے معاملے میں، اِن کی اہمیت بے مثال ہے۔ ہر پانچ سال بعد اِس طرح کی انتہائی بڑی مشق منعقد کرنے کی اہمیت اپنے آپ میں منفرد ہے، پھر بھی بھارت مسلسل اِسے کامیابی کے ساتھ حاصل کرتا ہے۔ پیش ہے ہمارے نمائندے کی جمہوریت کے اِس تہوار سے متعلق ایک دلچسپ رپورٹ :

## V/C - DURGESH BHADURIYA

بھارت کے عوام نے اپنے نمائندوں کو چُننے کے عمل میں ہمیشہ جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔ بھارتیوں کیلئے انتخابات نہ صرف حقِ رائے دہی کے استعمال کا موقعہ ہیں بلکہ یہ ایک جشن بھی ہے۔ آزاد بھارت میں سال 1952 میں ہوئے پہلے عام انتخابات میں نوجوان رائے دہندگان نے بلیٹ باکسوں کو عقیدت کے طور پر پھولوں اور سندور سے سجایا تھا۔

یہ ماحول امید، جشن، تجسس اور توقعات کا امتزاج تھا۔ اس دوران بیلٹ باکسوں میں نیک خواہشات کی پرچیاں، مشہور شخصیات کی تصویریں اور یہاں تک کہ کرنسی کا نوٹ بھی پائے گئے۔

اِن سات دہائیوں میں قوم نے ایک باشعور جمہوریت تک کا ارتقائی سفر طے کیا ہے جہاں ہر شخص انتخابی عمل میں اپنے کردار اور ذمہ داری سے بخوبی واقف ہے۔

یہ بات مہاراشٹر کے بھیونڈی کی رہنے والی کویتا ٹھاکرے کے واقعے سے بخوبی سمجھی جاسکتی ہے۔ کویتا اپنی شادی کے دن اچانک غائب ہوگئیں جس سے افراد خانہ کو تشویش لاحق ہوگئی۔ لیکن گھر والوں نے تب راحت کی سانس لی جب کویتا اپنی انگلی پر ووٹ کی سیاہی کے نشان کے ساتھ واپس لوٹیں۔ شادی کی تقریبات کو ملتوی کرتے ہوئے ووٹ کو اہمیت دینے کا کویتا کا یہ فیصلہ نہ صرف شہری ذمہ داری کے تئیں اُن کے احساس کی عکاسی کرتا ہے بلکہ جمہوری اصولوں کے بارے میں اُن کے عزم کی بھی مثال ہے۔

کویتا کے اِس واقعے نے بھارت کی درخشاں جمہوریت کے بیانئے کو ترتیب دینے میں مدد کی ہے۔

یہ نہ صرف شہریوں میں فخر اور اپنائیت کے احساس کو بڑھاتا ہے بلکہ ملک کے مستقبل کو طے کرنے میں ہر ایک ووٹ کی اہمیت کی بھی نشاندہی کرتا ہے۔

نئی دلّی سے درگیش بھدوریا کی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی۔

## KEY CONSTITUTION J&K

مرکز کے زیرانتظام علاقے جموں وکشمیر میں مجموعی طور پر پانچ پارلیمانی حلقے ہیں۔ اِن پانچ حلقوں میں سے دو حلقے جموں ڈویژن جبکہ تین حلقے کشمیر ڈویژن میں ہے۔ مرکز کے زیرانتظام علاقے کے جموں ڈویژن میں دو پارلیمانی حلقے ہیں جو جموں پارلیمانی حلقہ اور اودھم پور پارلیمانی حلقہ ہے، جو مرکز کے زیرانتظام علاقے کے 20 اضلاع میں سے مجموعی طور پر 8 اضلاع کا احاطہ کرتے ہیں۔ اودھم پور پارلیمانی حلقے میں 19 اپریل کو پہلے مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے جس کے لیے میدان میں 12 امیدوار ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ :

## V/C- GULSHAN RAINA

اودھم پور پارلیمانی حلقہ بھارت میں سب سے زیادہ ترقی یافتہ حلقہ ہے اور اِس نے گزشتہ 9 برسوں میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ یہ حلقہ 20 ہزار 230 مربع کلو میٹر پہاڑی ہمالیائی علاقے کا احاطہ کرتا ہے۔ اس حلقے میں جموں ڈویژن سمیت پانچ اضلاع آتے ہیں جن میں کٹھوعہ، اودھم پور، ڈوڈا، کشتواڑ اور رام بن شامل ہیں۔

اس پارلیمانی حلقے کی کُل آبادی 24 لاکھ سے زیادہ ہے اور یہاں کُل 16 لاکھ 74 ہزار 277 اہل ووٹر ہیں، جن میں 8 لاکھ 26 ہزار 218 مرد ووٹر ہیں جبکہ 8 لاکھ 48 ہزار 59 خواتین ووٹر ہیں۔

حلقے میں 18 اسمبلی حلقے اور دو ہزار 637 پولنگ مراکز ہیں۔

یہ بھارت کا واحد حلقہ ہے جہاں بہترین بنیادی ڈھانچے کے ساتھ تین میڈیکل کالجز اور آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز- ایمس موجود ہے، جس سے یہ حلقہ بہترین طبی سہولیات سے لیس بھارت کا سب سے بہترین حلقہ بن گیا ہے۔ یہ حلقہ ملک اور دنیا میں اس لئے بھی مشہور ہے کیونکہ یہاں سے ''جامنی انقلاب'' کا آغاز ہوا تھا، جس سے نہ صرف جموں وکشمیر میں بلکہ پورے ملک میں زرعی ٹیکنالوجی پر مبنی اسٹارٹ اپس کا بھی آغاز ہوا تھا۔ حلقے میں پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 27 مارچ تھی جبکہ کاغذات کی جانچ کی تکمیل کی تاریخ 28 مارچ 2024 تھی۔

بھارتیہ جنتا پارٹی کے ڈاکٹر جتیندر سنگھ اور پریم ناتھ، بہوجن سماج پارٹی کے امت کمار اور تلک راج، ڈیموکریٹک پروگریسیو آزاد پارٹی DPAP کے سابق وزیر GM سروری، انڈین نیشنل کانگریس کے سابق وزیر چودھری

لال سنگھ اور دیویا سورج پرتاپ سنگھ، انقلاب وِکاس دل IVD کے سچن گپتا، اکیم سناتن بھارت دل کے منوج کمار، جے اینڈ کے نیشنل پینتھرس پارٹی کے بلوان سنگھ اور آزاد امیدوار محمد علی گجر، سورن ویر سنگھ جرال، مہراج دین اور ڈاکٹر پنکج شرما سمیت مجموعی طور پر 15 امیدواروں نے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے۔ مارچ 2024 کو کاغذات نامزدگی کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد، BJP کے پریم ناتھ، BSP کے تلک راج اور INC کے دیویا سورج پرتاپ سنگھ سمیت تین امیدواروں کی امیدواری کو مختلف وجوہات کی بنا پر مسترد کر دیا گیا۔

البتہ، امیدواری سے دستبردار ہونے کے دن یعنی 30 مارچ 2024 کو کسی بھی امیدوار نے اپنا نام واپس نہیں لیا اور اب چار-اودھم پور پارلیمانی حلقے کے لیے آزاد امیدوار سمیت مختلف سیاسی پارٹیوں کے 12 امیدوار میدان میں ہیں۔

یہاں 19 اپریل کو پہلے مرحلے میں صبح سات بجے سے شام چھ بجے تک پولنگ ہوگی۔ جموں و کشمیر کی دیگر پارلیمانی حلقوں یعنی جموں رسائی سیٹ پر دوسرے مرحلے میں 26 اپریل کو ووٹنگ ہوگی جبکہ اننت ناگ-پنچھ-راجوری میں تیسرے مرحلے میں سات مئی کو نیز چوتھے مرحلے میں 13 مئی کو سری نگر اور پانچویں مرحلے میں 20 مئی کو بارہمولہ میں پولنگ ہوگی۔

جموں سے گلشن رینا کی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی اردو خبروں کے لیے میں ........................

## IMRAN KHAN RELIEF

پاکستان میں، آج اسلام آباد ہائی کورٹ نے، سابق وزیراعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو توشہ خانہ بدعنوانی معاملے میں سنائی گئی 14 سالہ قید کو معطل کر دیا ہے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ سزا کے خلاف اپیل کے لیے سماعت کا تعین، عید الفطر کی تعطیلات کے بعد کیا جائے گا۔ ان دونوں کو عام انتخابات سے کچھ دن قبل ہی 31 جنوری کو، اُن میں سے ہر ایک کو ایک احتسابی عدالت میں سرکاری تحائف کے مبینہ بدعنوانی کے لیے 14 سال کی سزائے قید سنائی گئی تھی۔ یہ تحائف مبینہ طور پر انہوں نے سرکاری خزانے سے حاصل کیے تھے۔ فیصلے کے مطابق جناب خان اور محترمہ بشریٰ کو دس سال تک کوئی بھی سرکاری عہدے پر فائز ہونے پر پابندی لگا دی گئی تھی نیز اُن میں سے ہر ایک پر 787 ملین پاکستانی روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا تھا۔x

## HEATWAVE PREDICTION

ملک میں آنے والے ڈھائی مہینوں میں شدید ترین گرمی کی صورتحال جاری رہنے کا امکان ہے۔ آج نئی دلی میں اخبار نویسوں کو تفصیلات بتاتے ہوئے ارضی سائنسز کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ انہوں نے انتہائی گرمی کی

پیشگوئی کے مدنظر آئندہ ہونے والے انتخابات کے تناظر میں متعلقہ فریقین کے ساتھ ایک بامقصد میٹنگ کی۔

S/B - 2100 - Kiran Rijiju - Heat Wave

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر مرتیونجے موہاپاترا نے کہا کہ ملک کے وسطی، شمالی میدانی علاقوں اور جنوبی حصے کے بہت سے علاقوں میں اِس سال گرمی کے سیزن میں طویل گرم لہر جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ اپریل اور جون کے درمیان زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت توقع ہے کہ معمول سے زیادہ رہے گا۔

ڈاکٹر موہاپاترا نے کہا کہ گجرات، وسطی مہاراشٹر، شمالی کرناٹک، راجستھان، مدھیہ پردیش، اڈیشہ، شمالی چھتیس گڑھ اور آندھرا پردیش میں شدید گرمی کی لہر جاری رہنے کا امکان ہے۔x

## MIRABAI CHANU OLYMPICS

ٹوکیو اولمپکس میں تمغہ جیتنے والی میرا بائی چانو اِس سال پیرس اولمپکس میں کوالیفائی کرنے والی پہلی بھارتی ویٹ لفٹر بن گئی ہیں۔ انھوں نے آج تھائی لینڈ کے Phuket میں IWF عالمی کپ کے مقابلے میں جیت حاصل کرکے یہ کامیابی حاصل کی ہے۔ اولمپک میں چاندی کا تمغہ جیتنے والی 27 سالہ کھلاڑی نے 2024 کے پیرس گیمز میں اپنی جگہ بنانے کیلئے خواتین کے 49 کلوگرام کے گروپ-بی زمرے میں تیسرا مقام حاصل کیا ہے اور مجموعی طور پر وہ گیارہویں نمبر رہیں۔ چانو، جو چوٹ لگنے پر چھ مہینے کے آرام کے بعد پھر سے میدان میں اتری ہیں، نے عالمی میں کل 187 کلوگرام کا وزن اٹھایا ہے۔

پیرس گیمز 2024 میں جگہ بنانے کیلئے یہ وزن اٹھانا لازمی اور حتمی کیا۔

اپنے مقابلے کو کامیابی کے ساتھ مکمل کرتے ہوئے ٹوکیو اولمپک میں چاندی تمغہ جیتنے والی چانو نے پیرس اولمپکس میں بھی کامیابی کے ساتھ جگہ بنالی ہے۔ اس کے تحت انھیں دو لازمی مقابلوں اور دیگر تین کوالیفائرس میں حصہ لینا تھا۔ سال 2017 کی عالمی چمپئن کو حال ہی میں اولمپک کوالیفکیشن درجہ بندی (OQR) میں خواتین کے 47 کلوگرام کے زمرے میں دوسرا درجہ حاصل ہوا ہے جبکہ پہلے نمبر چین کی Jiang Huihua ہیں۔ کوالیفکیشن کا باضابطہ اعلان عالمی کپ کے اختتام پر کیا جائے گا۔ وزن کے ہر زمرے کے 10 سرکردہ ویٹ لفٹرس پیرس اولمپک کیلئے کوالیفائی کریں گے۔ x

☆☆☆☆☆